روزنامہ
الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 C.P.L 29-FD

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 4/اکتوبر 2006ء 10 رمضان 1427 ہجری 4 اخاء 1385 ہش جلد 56-91 نمبر 224

روزہ کی جزا

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے ابن آدم کا ہر عمل اس کے لئے ہے سوائے روزوں کے کیونکہ وہ میرے لئے ہیں اور میں ہی ان کی جزا ہوں۔

(صحیح بخاری کتاب الصوم باب ھل یقول انی صائم حدیث نمبر 1771)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب انسان اپنے آپ کو خدا کے واسطے مشقت میں ڈالتا ہے تو وہ خود ماں باپ کی طرح رحم کر کے اسے کہتا ہے کہ تو کیوں مشقت میں پڑا ہوا ہے۔

یہ لوگ ہیں کہ تکلف سے اپنے آپ کو مشقت سے محروم رکھتے ہیں۔ اس لئے خدا ان کو دوسری مشقتوں میں ڈالتا ہے اور نکالتا نہیں اور دوسرے جو خود مشقت میں پڑتے ہیں ان کو وہ آپ نکالتا ہے۔ انسان کو واجب ہے کہ اپنے نفس پر آپ شفقت نہ کرے بلکہ ایسا بنے کہ خدا تعالیٰ اس کے نفس پر شفقت کرے کیونکہ انسان کی شفقت اس کے نفس پر اس کے واسطے جہنم ہے اور خدا تعالیٰ کی شفقت جنت ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کے قصہ پر غور کرو کہ جو آگ میں گرنا چاہتے ہیں تو ان کو خدا تعالیٰ آگ سے بچاتا ہے۔ اور جو خود آگ سے بچنا چاہتے ہیں وہ آگ میں ڈالے جاتے ہیں۔ یہ سلم ہے اور یہ...... ہے کہ جو کچھ خدا تعالیٰ کی راہ میں پیش آئے۔ اس سے انکار نہ کرے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 564)

سیٹھ عبدالرحمٰن صاحب مدراسی نے اپنے کسی ضروری کام کے لئے مدراس واپس جانے کی اجازت طلب کی کیونکہ ان کو واپسی کے لئے تار بھی آیا تھا۔ اس پر حضرت مسیح موعود نے فرمایا:۔

''آپ کا اس مبارک مہینہ (رمضان) میں یہاں رہنا ازبس ضروری ہے اور فرمایا ہم آپ کے لئے وہ دعا کرنے کو تیار ہیں جس سے باذن اللہ پہاڑ بھی ٹل جائے۔ فرمایا آجکل میں احباب کے پاس کم بیٹھتا ہوں اور زیادہ حصہ اکیلا رہتا ہوں۔ یہ احباب کے حق میں ازبس مفید ہے۔ میں تنہائی میں بڑی فراغت سے دعائیں کرتا ہوں اور رات کا بہت سا حصہ بھی دعاؤں میں صرف ہوتا ہے۔''

(ملفوظات جلد اول ص 311)

ایک دفعہ میرے دل میں خیال آیا کہ فدیہ کس لئے مقرر کیا گیا ہے تو معلوم ہوا کہ توفیق کے واسطے ہے۔ تاکہ روزہ کی توفیق اس سے حاصل ہو۔ خدا تعالیٰ ہی کی ذات ہے جو توفیق عطا کرتی ہے اور ہر شئے خدا تعالیٰ ہی سے طلب کرنی چاہئے۔ خدا تعالیٰ تو قادر مطلق ہے وہ اگر چاہے تو ایک مدقوق کو بھی روزہ کی طاقت عطا کر سکتا ہے تو فدیہ سے یہی مقصود ہے کہ وہ طاقت حاصل ہو جائے اور یہ خدا تعالیٰ کے فضل سے ہوتا ہے۔ پس میرے نزدیک خوب ہے کہ (انسان) دعا کرے کہ الٰہی یہ تیرا ایک مبارک مہینہ ہے اور میں اس سے محروم رہا جاتا ہوں اور کیا معلوم کہ آئندہ سال زندہ رہوں یا نہ۔ یا ان فوت شدہ روزوں کو ادا کر سکوں یا نہ۔ اور اس سے توفیق طلب کرے تو مجھے یقین ہے کہ ایسے دل کو خدا تعالیٰ طاقت بخش دے گا۔

(ملفوظات جلد دوم ص 563)

نمایاں کامیابی

مکرمہ وردہ عزیز صاحبہ بنت مکرم عزیز احمد صاحب سنوری آف فیصل آباد نے امسال انٹرمیڈیٹ کے امتحان میں 961/1100 نمبر حاصل کر کے فیصل آباد بورڈ میں پری انجینئرنگ گروپ (طالبات) میں اول پوزیشن حاصل کی ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ اعزاز مبارک فرمائے۔ مزید نمایاں ترقیات سے نوازتا چلا جائے، والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ جماعت کے لئے مفید وجود بنائے اور اپنے فضلوں کا وارث بنائے۔ آمین

(نظارت تعلیم)

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلباء کیلئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔ اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء وطالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس 3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔ فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم 5۔ دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری رسیکنڈری 6 تا 8 ہزار روپے سالانہ۔

2۔ کالج لیول 12 تا 15 ہزار روپے سالانہ۔

3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی و دیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ روپے تک۔

سینکڑوں طلباء جن کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے۔ جس کیلئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ

باقی صفحہ 12 پر

نکاح فارم ایک اہم دستاویز ہے

(اس کو انتہائی احتیاط سے پر کریں)

نکاح فارم نہایت اہم دستاویز ہے۔اس کو انتہائی احتیاط سے پُر کرنا چاہئے۔کسی سرکاری دفتر میں ایسا کام ہو جہاں ازدواجی حیثیت کو ظاہر کرنا ہو جیسے شناختی کارڈ بنواتے ہوئے یا کسی ایمبیسی کا کیس ہو اسی نکاح فارم کی ضرورت پڑتی ہے۔جہاں اس کی اہمیت بہت زیادہ ہوگئی ہے وہاں ہمارا بھی فرض ہے کہ ہم پوری ذمہ داری کے ساتھ اس کو پُر کریں۔اگر نکاح فارم پُر کرتے ہوئے درج ذیل باتوں کا خیال رکھا جائے تو بہت سے مسائل خود بخود حل ہو جاتے ہیں۔

(1) ہدایات کا وہ صفحہ جو ہر نکاح فارم کی کاپی کے ساتھ لگا ہوتا ہے اچھی طرح پڑھ لیا جائے اور اس میں لکھی ہوئی ہدایات کے مطابق فارم پُر کیا جائے تو کئی قسم کی دقتوں سے بچا جاسکتا ہے۔

(2) لڑکے اور لڑکی کا نام لکھتے ہوئے تمام کوائف (نام/ولدیت/تاریخ پیدائش وغیرہ) برتھ سرٹیفکیٹ/شناختی کارڈ اور پاسپورٹ کے مطابق لکھے جائیں۔خاص طور پر نام درست لکھا جائے۔

(3) تاریخ پیدائش لکھتے ہوئے سرکاری کاغذات کو مدنظر رکھا جائے۔جس کاغذ کی بنیاد پر آپ نے اپنے تمام سرکاری کاغذات تیار کئے ہیں یا کروانے ہیں اسی کے مطابق نکاح فارموں پر تاریخ پیدائش لکھی جائے۔

(4) تحریر صاف اور خوشخط ہو۔کالی سیاہی استعمال کی جائے۔کٹنگ نہ کی جائے اور نہ ہی بلینکو وغیرہ یا مٹانے کے لئے کوئی ایسی چیز استعمال کی جائے جس سے فارم مشکوک ہوتا ہو۔اگر کسی وجہ سے کوئی ایسی غلطی ہوگئی ہے تو بہتر ہے کہ نکاح سے قبل سارا نکاح فارم دوبارہ پر کرلیا جائے۔تھوڑی سی دیر آپ کو بڑی پریشانی سے بچاسکتی ہے۔

(5) نکاح کے بعد فارم پر کسی غلطی کی صورت میں قطعاً اس پر کوئی کسی بھی قسم کی تبدیلی ازخود نہ کریں بلکہ نظارت سے رجوع کریں اور باقاعدہ درخواست دے کر طریقہ کار کے مطابق اس پر تبدیلی کروائیں۔اگر آپ نے خود نکاح فارموں پر تبدیلی کرلی اور اس کو کسی جگہ پیش کر دیا۔جب اس نکاح فارم کی تصدیق دفتر سے کی جائے گی تو دفتر اس کی تصدیق نہیں کرے گا۔جس کی وجہ سے آپ کو کافی پریشانی کا سامنا کرنا پڑے گا پھر اس معاملے میں دفتر بھی آپ سے کسی قسم کا تعاون نہیں کرے گا۔

ان تمام پیچیدگیوں سے بچنے کے لئے بہتر ہے کہ نکاح فارم کو پر کرتے ہوئے انتہائی احتیاط کی جائے اور تمام کوائف سرکاری کاغذات کے مطابق لکھے جائیں اور کوشش کی جائے کہ اعلان نکاح سے مناسب وقت پہلے نکاح فارم مکمل کرلیا جائے تاکہ تمام ضروری کاغذات کو دیکھا جاسکے۔اگر کوئی کمی یا خامی پائی جائے تو درستی کے لئے وقت کی گنجائش ہو۔اگر کسی معاملے میں کوئی دقت یا پریشانی ہو تو دفتر سے راہنمائی لینے میں بھی آسانی ہو۔نظارت سے رابطے کے لئے نکاح فارموں پر ہی نظارت رشتہ ناطہ کا پوسٹل ایڈریس، فون نمبر اور فیکس نمبر لکھا ہوا ہے کسی بھی ذریعہ سے رابطہ کر کے راہنمائی لی جاسکتی ہے۔

(ناظر اصلاح وارشاد رشتہ ناطہ)

اطلاعات واعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

یوم تحریک جدید

امراء اضلاع، صدران جماعت اور مربیان و معلمین سلسلہ کی خدمت میں درخواست ہے کہ مجلس مشاورت 1991ء کے فیصلہ کی تعمیل میں سال رواں کا پہلا یوم تحریک جدید 13/اکتوبر 2006ء بروز جمعۃ المبارک منایا جائے۔ جس میں احباب جماعت کو مطالبات تحریک جدید کی طرف خصوصی توجہ دلائی جائے۔اس موقعہ پر امراء وصدر صاحبان اپنی سہولت اور حالات کے مطابق پروگرام منعقد کر کے مطالبات کی اہمیت احباب جماعت پر واضح کرنے کا اہتمام فرمائیں۔خطبات جمعہ میں تحریک جدید کے مطالبات اور ان کی حکمت بیان کی جائے اس دن خصوصیت کے ساتھ تحریک جدید کے ذریعہ جماعت پر ہونے والے انعامات وافضال الٰہیہ کا احباب کے سامنے ذکر کیا جائے۔

اس دن حسب ذیل چند مطالبات تحریک جدید پر خصوصی روشنی ڈالی جائے۔

☆ احباب سادہ زندگی بسر کریں۔لباس کھانے اور رہائش میں سادگی اختیار کریں۔

☆ والدین اپنی اولاد کو خدمت دین کیلئے وقف کریں۔

☆ رخصت کے ایام خدمت دین کیلئے وقف کریں۔

☆ اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی عادت ڈالیں۔

☆ جو لوگ بیکار ہیں وہ چھوٹے سے چھوٹا کام جو بھی مل سکے کرلیں۔

☆ قومی دیانت کا قیام کریں۔

☆ حسب استطاعت مالی قربانی کرنے کی طرف احباب جماعت کو توجہ دلائی جائے۔

☆ مقاصد تحریک جدید کیلئے خاص دعا کریں۔

نوٹ: اگر کسی وجہ سے 13۔اکتوبر کو 'یوم تحریک جدید' نہ منایا جاسکتا ہو تو جماعتی فیصلہ کے تحت اپنی سہولت اور حالات کے مطابق کسی بھی مناسب تاریخ کو یوم تحریک جدید منایا جائے اور اس کی رپورٹ سے دفتر کو مطلع فرمائیں۔

فون: 047-6213563 فیکس 047-6212296

(وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ)

درخواست دعا

مکرم محمد طارق محمود صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی نسبتی ہمشیرہ محترمہ کشور افضل صاحبہ زوجہ مکرم چوہدری محمد افضل صاحب فیڈرل بی ایریا کراچی کچھ عرصہ سے دل کے عارضہ کی وجہ سے بیمار ہیں۔بائی پاس آپریشن تجویز کیا گیا۔آپریشن تو بفضل اللہ تعالیٰ ٹھیک ہوگیا لیکن بوجہ شوگر اب آپریشن والی جگہ سے پیپ رسنا شروع ہوگئی ہے۔جس کی وجہ سے موصوفہ کو بہت تکلیف ہے۔احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ مولیٰ کریم محض اپنے فضل سے انہیں بھی اور باقی تمام بیماروں کو بھی صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔آمین

درخواست دعا

مکرم ندیم احمد باسط صاحب مربی سلسلہ تحریر کرتے ہیں کہ میری ممانی محترمہ امۃ الحفیظ صاحبہ اہلیہ مکرم بشارت احمد صاحب آف محلّہ احمدیہ کھاریاں کو مورخہ 29 ستمبر 2006ء کو نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد گھر آتے ہوئے ہارٹ اٹیک ہوا ہے اور اس وقت C.M.H کھاریاں کے CCU میں داخل ہیں۔احباب سے ان کی کامل شفایابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرم رانا محمد سلیمان صاحب دارالعلوم جنوبی احد ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ میرے والد محترم رانا بنیامین صاحب ریٹائرڈ محرر بلدیہ ربوہ ایک عرصہ سے آنکھوں کے مرض میں مبتلا ہیں نظر بہت کمزور ہے اور چلنے پھرنے میں دشواری ہے باوجود علاج کے کوئی افاقہ نہیں ہو رہا۔احباب جماعت سے عاجزانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے شفاء کاملہ وعاجلہ سے نوازے۔آمین

مکرم محمد انوار الحق صاحب کلرک شعبہ مال جماعت احمدیہ لاہور تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کا بیٹا عزیزم مظفر الحق گزشتہ کئی سالوں سے دائیں ٹانگ اور دونوں بازوؤں کے پٹھوں میں رکاوٹ کے پیش نظر راولپنڈی کے ایک پرائیویٹ ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔احباب کرام سے دعا کی عاجزانہ درخواست ہے کہ شافی مطلق خدا اپنے خاص فضل سے عزیزم کو صحت وتندرستی والی عمر عطا فرمائے۔

ضرورت پہریدار

محلّہ دارالصدر غربی حلقہ لطیف میں ایک لائسنس دار پہریدار کی فوری طور پر ضرورت ہے۔معقول تنخواہ دی جائے گی صدر صاحب محلّہ کی تصدیق کے ساتھ درخواست ارسال کریں۔

(صدر، درالصدر غربی لطیف)

دورہ نمائندہ مینیجر الفضل

مکرم محمد احمد مظفر علوی صاحب نمائندہ مینیجر الفضل شعبہ اشتہارات کی ترغیب کے سلسلہ میں دورہ پر ہیں۔تمام احباب جماعت سے تعاون کی درخواست ہے۔

(مینیجر روزنامہ الفضل)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

سیدنا حضرت مسیح موعود کی پُر معارف تحریرات کی روشنی میں

واقفین زندگی کی ضرورت، دنیوی علوم اور زبانیں سیکھنے کی تلقین اور پر حکمت نصائح

ایک پاک اور قوی روح کی ضرورت ہے، جس میں یہ ہوگی وہ اعلیٰ درجہ کا مفید انسان ہوگا

مرسلہ: مکرم راجہ منیر احمد خان صاحب

خادم دین واقفین زندگی کی ضرورت

مدرسہ کی سلسلہ جنبانی کی بھی اگر کوئی غرض ہے تو یہی ہے۔ اسی لئے میں نے کہا تھا کہ اس کے متعلق غور کیا جاوے کہ یہ مدرسہ اشاعت (۔) کا ایک ذریعہ بنے اور اس سے ایسے عالم اور زندگی وقف کرنے والے لڑکے نکلیں جو دنیا کی نوکریوں اور مقاصد کو چھوڑ کر خدمت دین کو اختیار کریں۔ ایسا ہی اس قبرستان کے ذریعہ بھی اشاعت (۔) کا ایک مستقل انتظام سوچا گیا ہے مدرسہ کے متعلق میری روح ابھی فیصلہ نہیں کر سکی کہ کیا راہ اختیار کیا جاوے۔ ایک طرف ضرورت ہے ایسے لوگوں کی جو عربی اور دینیات میں توغل رکھتے ہیں۔ اور دوسری طرف ایسے لوگوں کی بھی ضرورت ہے جو آجکل کے طرز مناظرات میں پکے ہوں۔ علوم جدیدہ سے بھی واقف ہوں۔ کسی مجلس میں کوئی سوال پیش آجاوے تو جواب دے سکیں اور کبھی ضرورت کے وقت عیسائیوں سے یا کسی اور مذہب والوں سے انہیں (۔) کی طرف سے مناظرہ کرنا پڑے تو ہتک کا باعث نہ ہوں بلکہ وہ (۔) کی خوبیوں اور کمالات کو پرزور اور پرشوکت الفاظ میں ظاہر کر سکیں۔

میرے پاس اکثر ایسے خطوط آئے ہیں جن میں ظاہر کیا گیا تھا کہ آریوں سے گفتگو ہوئی یا عیسائیوں نے اعتراض کیا اور ہم جواب نہیں دے سکے۔ ایسے لوگ (۔) کی ہتک اور بے عزتی کا موجب ہو جاتے ہیں۔ اس زمانہ میں (۔) پر ہر رنگ اور ہر قسم کے اعتراض کئے جاتے ہیں۔ میں نے ایک مرتبہ اس قسم کے اعتراضوں کا اندازہ کیا تھا تو میں نے دیکھا کہ (۔) پر تین ہزار اعتراض مخالفوں کی طرف سے ہوا ہے۔ پس یہ کس قدر ضروری ہے کہ ایک جماعت ایسے لوگوں کی ہو جو ان تمام اعتراضات کا بخوبی جواب دے سکے۔ آجکل کے مناظروں اور مباحثوں کی حالت اور بھی بری ہو گئی ہے کہ اصول کو چھوڑ کر فروع میں جھگڑتے ہیں؛ حالانکہ اس اصل کو کبھی ہاتھ سے نہیں دینا چاہئے کہ جب کسی سے گفتگو ہو تو وہ ہمیشہ اصول میں محدود ہو۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ نمبر 618)

غیر زبانیں سیکھنے کی تلقین

غرض اعتراض کرنے والوں کی یہ حالت ہے اور نہایت شوخی اور بیبا کی کے ساتھ یہ سلسلہ جاری ہے۔ میں جب (۔) کی حالت کو مشاہدہ کرتا ہوں تو میرے دل پر چوٹ لگتی ہے اور دل چاہتا ہے کہ ایسے لوگ میری زندگی میں تیار ہو جاویں جو (۔) کی خدمت کر سکیں۔ ہم تو پا بگور ہیں اور اگر اور تیار نہ ہوں تو پھر مشکل پیش آتی ہے۔ میرا مدعا اس قدر ہے کہ آپ لوگ تدبیر کریں خواہ کسی پہلو پر صاد کیا جاوے مگر یہ ہو کہ چند سال میں ایسے نوجوان نکل آویں جن میں علمی قابلیت ہو اور وہ غیر زبان کی واقفیت بھی رکھتے ہوں اور پورے طور پر تقریر کر کے (۔) کی خوبیاں دوسروں کے ذہن نشین کر سکیں۔ میرے نزدیک غیر زبانوں سے اتنی ہی مراد نہیں کہ صرف انگریزی پڑھ لیں۔ نہیں اور زبانیں بھی پڑھیں اور سنسکرت بھی پڑھیں تا کہ ویدوں کو پڑھ کر ان کی اصلیت ظاہر کر سکیں۔ اس وقت تک وید گویا مخفی پڑے ہوئے ہیں۔ کوئی ان کا مستند ترجمہ نہیں۔ اگر کوئی کمیٹی ترجمہ کر کے صاد کر دے تو حقیقت معلوم ہو جاوے۔

اصل بات یہ ہے کہ میں چاہتا ہوں (۔) کو ان لوگوں اور قوموں میں پہنچایا جاوے جو اس سے محض ناواقف ہیں اور اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ جن قوموں میں تم اسے پہنچانا چاہو ان کی زبانوں کی پوری واقفیت ہو۔ ان کی زبانوں کی واقفیت نہ ہو اور ان کی کتابوں کو پڑھ نہ لیا جاوے تو مخالف پورے طور پر عاجز نہیں ہو سکتا............۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ نمبر 619)

مدرسہ احمدیہ کے اجرا کی غرض

ہماری غرض مدرسہ کے اجرا سے محض یہ ہے کہ دین کو دنیا پر مقدم کیا جاوے۔ مروجہ تعلیم کو اس لئے ساتھ رکھا ہے کہ یہ علوم خادم دین ہوں۔ ہماری یہ غرض نہیں کہ ایف۔ اے یا بی۔ اے پاس کر کے دنیا کی تلاش میں مارے مارے پھریں۔ ہمارے پیش نظر تو یہ امر ہے کہ ایسے لوگ خدمت دین کے لئے زندگی بسر کریں اور اسی لئے مدرسہ کو ضروری سمجھتا ہوں۔ کہ شاید دینی خدمت کے لئے کام آسکے۔ مشکل یہ ہے کہ جس کو ذرا بھی استعداد ہو جاوے وہ دنیا کی طرف جھک جاتا ہے۔............

میں دیکھتا ہوں کہ آریوں کی یہ حالت ہے کہ ایک طرف تو وہ ذرہ ذرہ کو خدا بنا رہے ہیں اور اس طرح پر اللہ تعالیٰ کی معرفت سے بے نصیب اور حقوق کے سمجھنے سے قاصر ہیں۔ اور حقوق العباد کی طرف سے ایسے اندھے ہیں کہ نیوگ جیسے مسئلہ کو مانتے ہیں۔ باوجود ایسا مذہب رکھنے کے پھر ان میں اس کی حمایت کے لئے اس قدر جوش ہے کہ بہت سے تعلیم یافتہ اپنی زندگیاں مذہب کی خاطر وقف کر دیتے ہیں۔ اور یہاں یہ حال ہے کہ جو مدرسہ سے نکلتا ہے اس کو دنیوی امور کی طرف ہی توجہ ہو جاتی ہے۔ جہاں تک ہو سکے یہی آرزو ہے کہ کوئی دینی خدمت ہو جاوے۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ نمبر 572)

دعوت الی اللہ کی اہمیت

ایسے لوگ ہونے چاہئیں جو تفقہ فی الدین کریں یعنی جو دین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا ہے اس میں تفقہ کر سکیں۔ یہ نہیں کہ طوطے کی طرح یاد ہو اور اس میں غور و فکر کی مطلق عادت اور مذاق ہی نہ ہو۔ اس سے وہ غرض حاصل نہیں ہو سکتی جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چاہتے تھے اور وہی غرض ہماری ہے یعنی محل اور موقعہ کے حسب حال جواب دے سکیں۔ مناظرہ کر سکیں۔ لیکن چونکہ سب کے سب ایسے نہیں ہو سکتے۔ اس لئے یہ نہیں فرمایا کہ سب کے سب ایسے ہو جائیں۔ بلکہ یہ فرمایا کہ ہر جماعت اور گروہ میں سے ایک ایک آدمی ہو اور گویا ایک جماعت ایسے لوگوں کی ہونی چاہئے جو (۔) اور اشاعت کا کام کر سکیں۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ نمبر 598)

جماعت کے واعظین کی صفات

یہ امر بہت ضروری ہے کہ ہماری جماعت کے واعظ تیار ہوں۔ لیکن اگر دوسرے واعظوں اور ان میں کوئی امتیاز نہ ہو تو فضول ہے۔ یہ واعظ اس قسم کے ہونے چاہئیں۔ جو پہلے اپنی اصلاح کریں اور اپنے چلن میں ایک پاک تبدیلی کر کے دکھائیں، تا کہ ان کے نیک نمونوں کا اثر دوسروں پر پڑے۔ عملی حالت کا عمدہ ہونا یہ سب سے بہترین وعظ ہے۔ جو لوگ صرف وعظ کرتے ہیں، مگر خود اس پر عمل نہیں، وہ دوسروں پر کوئی اچھا اثر نہیں ڈال سکتے، بلکہ ان کا وعظ بعض اوقات اباحت پھیلانے والا ہو جاتا ہے۔ کیونکہ سننے والے جب دیکھتے ہیں کہ وعظ کہنے والا خود عمل نہیں کرتا۔ تو وہ ان باتوں کو بالکل خیالی سمجھتے ہیں۔ اس لئے سب سے اول جس چیز کی ضرورت واعظ کو ہے وہ اس کی عملی حالت ہے۔ دوسری بات جو ان واعظوں کے لئے ضروری ہے وہ یہ ہے کہ ان کو صحیح علم اور واقفیت ہمارے عقائد اور مسائل کی ہو۔ جو کچھ ہم دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں۔ اس کو انہوں نے پہلے خود اچھی طرح پر سمجھ لیا ہو اور ناقص اور ادھورا علم نہ رکھتے ہوں کہ مخالفوں کے سامنے شرمندہ ہوں۔ اور جب کسی نے کوئی اعتراض کیا تو گھبرا گئے کہ اب اس کا کیا جواب دیں۔ غرض علم صحیح ہونا ضروری ہے اور تیسری بات یہ ہے کہ ایسی قوت اور شجاعت پیدا ہو کہ حق کے طالبوں کے واسطے ان میں زبان اور دل ہو۔ یعنی پوری دلیری اور شجاعت کے ساتھ بغیر کسی قسم کے خوف و ہراس کے اظہار حق کے لئے بول سکیں اور حق گوئی کے لئے ان کے دل پر کسی دولتمند کا تمول یا بہادر کی شجاعت یا حاکم کی حکومت کوئی اثر پیدا نہ کر سکے۔ یہ تین چیزیں جب حاصل ہو جائیں۔ تب ہماری جماعت کے واعظ مفید ہو سکتے ہیں۔

یہ شجاعت اور ہمت ایک کشش پیدا کرے گی کہ جس سے دل اس سلسلہ کی طرف کھچے چلے آئیں گے، مگر یہ کشش اور جذب دو چیزوں کو چاہتی ہے جن کے بغیر پیدا نہیں ہو سکتی۔ اول پورا علم ہو۔ دوم تقویٰ ہو۔ کوئی علم بدوں تقویٰ کے کام نہیں دیتا ہے اور تقویٰ بدوں علم کے نہیں ہو سکتا۔ سنت اللہ یہی ہے۔ جب انسان پورا علم حاصل کرتا ہے، تو اسے حیا اور شرم بھی دامنگیر ہو جاتی ہے۔ پس ان تینوں باتوں میں ہمارے واعظ کامل ہونے چاہئیں۔ اور یہ میں اس لئے چاہتا ہوں کہ اکثر ہمارے نام خطوط آتے ہیں۔ فلاں سوال کا جواب کیا ہے؟ فلاں اعتراض کرتے ہیں اس کا کیا جواب دیں؟ اب ان خطوط کے کس قدر جواب لکھے جاویں۔ اگر خود یہ لوگ علم صحیح اور پوری واقفیت حاصل کریں اور ہماری کتابوں کو غور سے پڑھیں تو وہ ان

مشکلات میں نہ رہیں۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ 281)

خدمت دین بھی عمر بڑھاتی ہے

جو لوگ دین کے لئے سچا جوش رکھتے ہیں۔ ان کی عمر بڑھائی جاوے گی اور حدیثوں میں جو آیا ہے کہ مسیح موعود کے وقت عمریں بڑھا دی جاویں گی۔ اس کے معنی یہی مجھے سمجھائے گئے ہیں کہ جو لوگ خادم دین ہوں گے ان کی عمریں بڑھائی جاویں گی۔ جو خادم نہیں ہو سکتا وہ بڈھے بیل کی مانند ہیں۔ کہ مالک جب چاہے اسے ذبح کر ڈالے۔ اور جو سچے دل سے خادم ہے۔ وہ خدا کا عزیز ٹھہرتا ہے اور اس کی جان لینے میں خدا تعالیٰ کو تردد ہوتا ہے۔

(ملفوظات جلد دوم ص 283)

مربیان کے لئے دنیوی علوم کی ضرورت

قرآن شریف سے ثابت ہے کہ جس قوم سے تمہیں مقابلہ پیش آوے اس مقابلہ میں تم بھی ویسے ہی ہتھیار استعمال کرو جیسے ہتھیار وہ مقابلہ والی قوم استعمال کرتی ہے۔ اور چونکہ آجکل مذہبی مناظرہ کرنے والے لوگ ایسے امور پیش کر دیتے ہیں جن کا سائنس اور موجودہ علوم سے تعلق ہے اس لئے اس حد تک ان علوم میں واقفیت اور دخل کی ضرورت ہے جیسے مثلاً اعتراض کر دیتے ہیں کہ جن ممالک میں چھ ماہ تک آفتاب طلوع یا غروب نہیں ہوتا۔ وہاں نماز یا روزہ کے احکام کی تعمیل کس طرح پر ہوگی؟ اب جو شخص ان ممالک سے واقف نہیں یا ان باتوں پر اطلاع نہیں رکھتا وہ سنتے ہی گھبرا جاوے گا اور حیران ہو کر رہ جاوے گا۔ ایسا اعتراض کرنے والوں کا منشا یہ ہوتا ہے کہ وہ قرآن کریم کی تعلیم کی تکمیل کو ناقص قرار دیں کہ ایسے ممالک کے لئے کوئی اور حکم ہونا چاہئے تھا۔ غرض ایسے اعتراضات چونکہ آجکل ہوتے ہیں۔ اس لئے ضروری امر ہے کہ ان علوم میں کچھ نہ کچھ دسترس ضرور ہو۔

ایسا ہی بعض لوگ یہ بھی اعتراض کرتے ہیں کہ قرآن شریف گردش آسمان کا قائل ہے جیسے فرمایا والسماء ذات الرجع۔ (الطارق:12) حالانکہ آجکل کے بچے بھی جانتے ہیں کہ زمین گردش کرتی ہے۔ غرض اسی قسم کے بیسیوں اعتراض کر دیتے ہیں اور تا وقتیکہ ان علوم میں کچھ مہارت اور واقفیت نہ ہو جواب دینے میں مشکل پیدا ہوتی ہے۔ یہ امر یاد رکھنا چاہئے کہ زمین یا آسمان کی گردش ظنی امور ہیں ان کو یقینیات میں داخل نہیں کر سکتے۔ ایک زمانہ تک گردش آسمان کے قائل رہے۔ پھر زمین کی گردش کے قائل ہو گئے۔ سب سے زیادہ ان لوگوں کی طبابت پر مشق ہے لیکن اس میں بھی دیکھ لو کہ آئے دن تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے۔ مثلاً پہلے ذیابیطس کے لئے یہ کہتے تھے کہ اس کے مریض کو میٹھی چیز نہیں کھانی چاہئے مگر اب جو تحقیقات ہوئی ہے تو کہتے ہیں کچھ حرج نہیں اگر سنگترہ بھی کھا لے یا چائے پی لے۔

غرض یہ سب علوم ظنی ہیں۔ اس موقعہ پر ضروری معلوم ہوتا ہے کہ والسماء ذات الرجع کے معنے بتا دیئے جاویں۔ کیونکہ اس کا ذکر آ گیا ہے۔ سو یاد رکھنا چاہئے کہ سماء کے معنے آسمان ہی کے نہیں ہیں بلکہ سماء بینہ کو بھی کہتے ہیں۔ گویا اس آیت میں اس بینہ کی جو زمین کی طرف رجوع کرتا ہے قسم کھائی ہے اور پھر وہ زمین جس سے شگوفے نکلتے ہیں۔ اکیلی زمین اور اکیلا آسمان کچھ نہیں کر سکتا۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 600)

سچا اخلاص اور صدق پیدا کرو

خدا کی راہ میں اپنی زندگی وقف کرو۔ اور یہی (۔) ہے اور یہی وہ غرض ہے جس کے لئے مجھے بھیجا گیا ہے۔ پس جو اس وقت اس چشمہ کے نزدیک نہیں آیا۔ جو خدا تعالیٰ نے اس غرض کے لئے جاری کیا ہے وہ یقیناً بے نصیب رہتا ہے۔ اگر کچھ لینا ہے اور مقصد کو حاصل کرنا ہے تو طالب صادق کو چاہئے کہ وہ چشمہ کی طرف بڑھے اور آگے قدم رکھے اور اس چشمہ جاری کے کنارے اپنا منہ رکھ دے اور یہ ہو نہیں سکتا جب تک خدا تعالیٰ کے سامنے غیریت کا چولہ اتار کر آستانہ ربوبیت پر نہ گر جاوے اور یہ عہد نہ کرلے کہ خواہ دنیا کی وجاہت جاتی رہے اور مصیبتوں کے پہاڑ ٹوٹ پڑیں، تو بھی خدا کو نہیں چھوڑے گا اور خدا تعالیٰ کی راہ میں ہر قسم کی قربانی کے لئے تیار رہے گا۔ ابراہیم علیہ السلام کا یہی عظیم الشان اخلاص تھا کہ بیٹے کی قربانی کے لئے تیار ہو گیا۔ ....

تم ان راہوں سے آؤ۔ بے شک وہ تنگ راہیں ہیں۔ لیکن ان سے داخل ہو کر راحت اور آرام ملتا ہے۔ مگر یہ ضروری ہے کہ اس دروازہ سے بالکل ہلکے ہو کر گزرنا پڑے گا۔ اگر بہت بڑی گٹھڑی سر پر ہو تو مشکل ہے۔ اگر گزرنا چاہتے ہو تو اس گٹھڑی کو جو دنیا کے تعلقات اور دنیا کو دین پر مقدم کرنے کی گٹھڑی ہے، پھینک دو۔ ہماری جماعت خدا کو خوش کرنا چاہتی ہے تو اس کو چاہئے کہ اس کو پھینک دے۔ تم یقیناً یاد رکھو کہ اگر تم میں وفاداری اور اخلاص نہ ہو تو تم جھوٹے ٹھہرو گے۔ اور خدا تعالیٰ کے حضور راستباز نہیں بن سکتے۔ ایسی صورت میں دشمن سے پہلے وہ ہلاک ہوگا جو وفاداری کو چھوڑ کر غداری کی راہ اختیار کرتا ہے۔ خدا تعالیٰ فریب نہیں کھا سکتا اور نہ کوئی اسے فریب دے سکتا ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ تم سچا اخلاص اور صدق پیدا کرو۔

تم پر خدا تعالیٰ کی حجت سب سے بڑھ کر پوری ہوئی ہے۔ تم میں سے کوئی بھی نہیں ہے جو یہ کہہ سکے کہ میں نے کوئی نشان نہیں دیکھا ہے۔ پس تم خدا تعالیٰ کے الزام کے نیچے ہو، اس لئے ضروری ہے کہ تقویٰ اور خشیت تم میں سب سے زیادہ پیدا ہو۔

(ملفوظات جلد دوم ص نمبر 138)

آداب دعوت الی اللہ

دنیا میں تین قسم کے آدمی ہوتے ہیں۔ عوام۔ متوسط درجے کے۔ امراء۔ عوام عموماً کم فہم ہوتے ہیں۔ ان کی سمجھ موٹی ہوتی ہے۔ اس لئے ان کو سمجھانا بہت ہی مشکل ہوتا ہے۔ امراء کے لئے سمجھانا بھی مشکل ہوتا ہے۔ کیونکہ وہ نازک مزاج ہوتے ہیں اور جلد گھبرا جاتے ہیں اور ان کا تکبر اور تعلّی اور بھی سدّ راہ ہوتی ہے۔ اس لئے ان کے ساتھ گفتگو کرنے والے کو چاہئے کہ وہ ان کے طرز کے موافق ان سے کلام کرے یعنی مختصر مگر پورے مطلب کو ادا کرنے والی تقریر ہو۔ قلّ و دلّ مگر عوام کو (۔) کرنے کے لئے تقریر بہت ہی صاف اور عام فہم ہونی چاہئے۔ رہے اوسط درجہ کے لوگ۔ زیادہ تر یہ گروہ اس قابل ہوتا ہے کہ ان کو (۔) کی جاوے۔ وہ بات کو سمجھ سکتے ہیں اور ان کے مزاج میں وہ تعلّی اور تکبر اور نزاکت بھی نہیں ہوتی جو امراء کے مزاج میں ہوتی ہے، اس لئے ان کو سمجھانا بہت مشکل نہیں ہوتا۔

(ملفوظات جلد دوم صفحہ نمبر 161)

درازی عمر کا اصل گر

حضرت ڈاکٹر سید عبد الستار شاہ صاحب نے اپنی رخصت کے ختم ہونے پر عرض کی کہ میں صبح جاؤں گا۔ فرمایا کہ:۔

خط و کتابت کا سلسلہ قائم رکھنا چاہئے۔

ڈاکٹر صاحب نے عرض کی کہ حضور میرا ارادہ بھی ہے کہ اگر زندگی باقی رہی تو انشاء اللہ بقیہ حصہ ملازمت پورا کرنے کے بعد مستقل طور پر یہاں ہی رہوں گا۔ فرمایا:۔

یہ سچی بات ہے کہ اگر انسان توبۃ النصوح کر کے اللہ تعالیٰ کے لئے اپنی زندگی وقف کر دے اور لوگوں کو نفع پہنچاوے تو عمر بڑھتی ہے۔ اعلاء کلمۃ (۔) کرتا رہے اور اس بات کی آرزو رکھے کہ اللہ تعالیٰ کی توحید پھیلے۔ اس کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ انسان مولوی ہو یا بہت بڑے علم کی ضرورت ہے بلکہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتا رہے۔ یہ ایک اصل ہے جو انسان کو نافع الناس بناتی ہے اور نافع الناس ہونا درازی عمر کا اصل گر ہے۔ فرمایا:۔

تیس سال کے قریب گزرے کہ میں ایک بار سخت بیمار ہوا۔ اور اس وقت مجھے الہام ہوا اما ماینفع الناس .... اس وقت مجھے کیا معلوم تھا کہ مجھ سے خلق خدا کو کیا کیا فائدہ پہنچنے والے ہیں لیکن اب ظاہر ہوا کہ ان فوائد اور منافع سے کیا مراد تھی۔

غرض جو کوئی اپنی زندگی بڑھانا چاہتا ہے اسے چاہئے کہ نیک کاموں کی (۔) کرے اور مخلوق کو فائدہ پہنچاوے۔

جب اللہ تعالیٰ کسی دل کو ایسا پاتا ہے کہ اس نے مخلوق کی نفع رسانی کا ارادہ کر لیا ہے تو وہ اسے توفیق دیتا اور اس کی عمر دراز کرتا ہے۔ جس قدر انسان اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے اور اس کی مخلوق کے ساتھ شفقت سے پیش آتا ہے اسی قدر اس کی عمر دراز ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ہوتا اور اس کی زندگی کی قدر کرتا ہے، لیکن جس قدر وہ خدا تعالیٰ سے لاپرواہ اور لاابالی ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی اس کی پرواہ نہیں کرتا۔

انسان اگر اللہ تعالیٰ کے لئے اپنی زندگی وقف نہ کرے اور اس کی مخلوق کے لئے نفع رساں نہ ہو تو یہ ایک بیکار اور نکمی ہستی ہو جاتی ہے بھیڑ۔ بکری بھی پھر اس سے اچھی ہے جو انسان کے کام آتی ہے لیکن یہ جب اشرف المخلوقات ہو کر اپنی نوع انسان کے کام نہیں آتا تو پھر بدترین مخلوق ہو جاتا ہے اسی کی طرف اشارہ کر کے اللہ تعالیٰ نے فرمایا لقد خلقنا الانسان .... (التین :5) میں گرایا جاتا ہے۔

پس یہ سچی بات ہے کہ اگر انسان میں یہ نہیں ہے کہ وہ خدا تعالیٰ کے اوامر کی اطاعت کرے اور مخلوق کو نفع پہنچاوے تو وہ جانوروں سے بھی گیا گذرا ہے اور بدترین مخلوق ہے۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ نمبر 394)

دعوت الی اللہ کا اصل ذریعہ

اصل ذریعہ (۔) کا تقریر ہی ہے اور انبیاء اس کے وارث ہیں۔ اب انگریزوں نے اسی کی تقلید کی ہے۔ بڑی بڑی یونیورسٹیوں میں ان کا طریق تعلیم یہی ہے کہ تقریروں کے ذریعہ سے تعلیم دی جاتی ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض وقت اس قدر لمبی تقریر فرماتے تھے کہ صبح سے لے کر شام تک ختم نہ ہوتی تھی۔ درمیان میں نمازیں آجاتیں تو آپ ان کو ادا کر کے پھر تقریر شروع کر دیتے تھے۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ نمبر 489)

ایک پاک اور قوی روح کی ضرورت

ہم ہمیشہ دعا کرتے ہیں اور ہماری ہمیشہ سے یہ آرزو ہے کہ یورپین لوگوں میں سے کوئی ایسا نکلے جو اس سلسلہ کے لئے زندگی کا حصہ وقف کرے لیکن ایسے شخص کے لئے ضروری ہے کہ کچھ عرصہ صحبت میں رہ کر رفتہ رفتہ وہ تمام ضروری اصول سیکھ لیوے جن سے اہل (۔) پر سے ہر ایک داغ دور ہو سکتا ہے اور وہ تمام قوت اور شوکت سے بھرے ہوئے دلائل سمجھ لیوے۔ جن سے یہ مرحلہ طے ہو سکتا ہے تب وہ دوسرے ممالک میں جا کر اس خدمت کو ادا کر سکتا ہے اس خدمت کے برداشت کرنے کے لئے ایک پاک اور قوی روح کی ضرورت ہے جس میں ہو گی وہ اعلیٰ درجہ کا مفید انسان ہوگا اور خدا کے نزدیک آسمان پر ایک عظیم الشان انسان قرار دیا جاوے گا۔

(ملفوظات جلد سوم صفحہ نمبر 451)

مکرم مظفر احمد صاحب چوہدری۔ ایم اے آرکیالوجی

آرکیالوجی بطور کیریئر

واقفین نو کی کیریئر پلاننگ اور آئندہ خدمات کے لئے منصوبہ بندی کی غرض سے وکالت وقف نو وقتاً فوقتاً مختلف طریق سے واقفین نو کی رہنمائی کرتی رہتی ہے۔ یہ درست ہے کہ ان واقفین نو میں سے سب سے زیادہ تعداد میں مربیان اور معلمین وقف جدید درکار ہیں۔ لیکن ان کے علاوہ کم وبیش اٹھائیس دیگر شعبہ جات میں بھی واقفین نو کی ضرورت ہے۔ اس سلسلہ میں تفصیلی معلومات وکالت وقف نو سے مل سکتی ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ پندرہ سال سے زائد عمر واقفین نو اپنے پیشہ کے انتخاب کے سلسلہ میں وکالت وقف نو سے مشورہ کریں اور اس مشورہ اور رہنمائی میں اپنی آئندہ تعلیم کا لائحہ عمل ترتیب دیں۔ ان میں سے ایک اہم شعبہ آرکیالوجی یعنی آثار قدیمہ کا شعبہ بھی ہے۔ اس شعبہ کی اہمیت حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے درج ذیل ارشاد سے واضح ہوجاتی ہے۔

آپ فرماتے ہیں:۔

’’ان میں سے کچھ Egyptologist بنیں۔ کچھ دیگر جو آثار قدیمہ کے ماہرین مختلف دنیا میں کام کررہے ہیں ان کے علوم سیکھیں۔ بڑے بڑے ماہرین کے ساتھ ان کی شاگردی اختیار کریں۔ وہ زبانیں سیکھیں جن کی ضرورت ہے اور اگلے تیس چالیس سال کے عرصے کے اندر اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ بہت گہرے احمدی محققین پیدا ہوجائیں۔ جو خدمت (دین) اور خدمت قرآن کے نظریہ کے ساتھ اپنی تحقیق کو آگے بڑھائیں۔ آپ وہی بات ظاہر کریں جو جستجو سے ثابت ہو اور یہ یقین رکھیں اور ایمان رکھیں اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس میں کبھی آپ کو ٹھوکر نہیں لگے گی کہ جو حقائق طبعی طور پر یقینی طور پر نکلیں گے وہ ضرور قرآن کے حق میں گواہی دیں گے‘‘۔

(درس القرآن 22 فروری 1995ء)

اس پس منظر میں یہ مضمون شائع کیا جارہا ہے۔ (وکیل وقف نو)

آرکیالوجی دراصل زمانہ قدیم کے چھوڑے ہوئے انسانی آثار کے مطالعہ سے گزرے ہوئے لوگوں، معاشروں اور ان کے ماحول کو سمجھنے کے علم کا نام ہے۔ انسانی ماضی کا ایک بڑا حصہ ایسا ہے جس کے بارے میں کوئی تاریخی ریکارڈ موجود نہیں، اسے Prehistoric Era کہا جاتا ہے۔ دوسرا دور Historic Period کہلاتا ہے۔ ان دونوں کے درمیان Proto Historic Period آتا ہے۔ عموماً آرکیالوجی کا علم ماقبل تاریخ اور تاریخی دور، دو حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ آگے اس علم کی اور بہت سی ذیلی شاخیں ہیں۔ جن میں سے بعض کا تذکرہ آگے آئے گا۔

عموماً ترقی یافتہ ممالک یا ایسے ممالک کے نوجوان جہاں قدیم آثار کثرت سے ہوں بالعموم آرکیالوجی میں دلچسپی رکھتے ہیں۔ بہت سے لوگ بچپن سے ہی رضا کارانہ طور پر کھدائیوں میں حصہ لیتے ہیں۔ شاید ہی کوئی شخص ایسا ہو جو آثار قدیمہ کے عجائب گھروں، قدیم عمارتوں اور شہروں کے کھنڈرات اور قدیم اشیاء میں دلچسپی نہ لیتا ہو۔ وہ طلباء جن کی دلچسپی آرکیالوجی میں بہت بڑھی ہوئی ہوتی ہے وہ اس علم کی باقاعدہ تعلیم حاصل کرکے اس کی کسی شاخ میں سپیشلائز کرکے عملی تحقیق کے ذریعے اس علم کو اپنا کیریئر بناتے ہیں۔

ترقی پذیر ممالک میں بالخصوص پاکستان میں زیادہ تر لڑکے اور لڑکیاں صرف ایم اے کی سند حاصل کرنے کے لئے اس ڈیپارٹمنٹ کا رخ کرتے ہیں۔ بہت کم افراد ایسے ہوتے ہیں جو کہ ذاتی دلچسپی کے تحت اس مضمون کو اپناتے ہوں۔ احمدی بچے خدمت قرآن کے جذبے سے سرشار ہوکر اس علم کی تحصیل کرسکتے ہیں۔

پاکستان میں آرکیالوجی کی تدریس

پاکستان میں صوبہ سرحد میں میٹرک، ایف ایس سی لیول سے پی ایچ ڈی لیول تک آرکیالوجی پڑھائی جاتی ہے۔ ہزارہ یونیورسٹی میں بھی ایم اے آرکیالوجی کرایا جاتا ہے۔ صوبہ سندھ میں بھی آرکیالوجی کی تدریس یونیورسٹی کی سطح پر ہوتی ہے۔ پنجاب یونیورسٹی میں بھی اس کی تدریس ایم اے کی سطح پر ہوتی ہے۔ قائداعظم یونیورسٹی اسلام آباد میں ایم فل اور پی ایچ ڈی کی سطح پر اس کی تدریس ہوتی ہے۔ کراچی میں بھی کورسز مہیا ہیں۔

دیگر ممالک میں داخلہ لینا مقصود ہو تو بہتر ہے کہ پاکستان سے ایم اے کرنے کے بعد داخلہ لیا جائے۔ انٹرنیٹ پر ہر قسم کی معلومات مہیا ہیں۔ برطانیہ کی ایک یونیورسٹی بھاری فیس کے عوض انٹرنیٹ اور ڈاک کے ذریعے بھی اعلیٰ سطح کے بعض کورسز کراتی ہے۔

وقف نو اور آرکیالوجی

واقفین نو کے مجوزہ کیریئرز کی فہرست میں آرکیالوجی بھی شامل ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ قرآن کریم کے ایک بڑے حصے میں گزشتہ اقوام اور ان کے آثار کا ذکر ہے۔ قرآن کریم کے ان حصوں کو سمجھنے، سمجھانے اور ان کے بیان کے مقاصد کو پوری طرح حاصل کرکے غیروں کے سامنے قرآن کریم کے اس عظیم پہلو کو پیش کرنے کے لئے یہ علم فی الزمانہ نہایت ضروری ہے۔

قرآن کریم میں بیان شدہ ارتقائے انسانی، تہذیب وتمدن، معاشیات، مذاہب، شخصیات، اقوام اور بستیوں وغیرہ پر تدبر اور تحقیق اور پھر اسے صداقت قرآن کے طور پر پیش کرنے کے لئے بڑی تعداد میں واقفین نو اور دیگر محققین کی ضرورت ہے۔

آرکیالوجی کی وہ شاخیں جو واقفین نو کے لئے کارآمد ہیں۔

- Field Archaeology
- Biblical Archaeology
- Near Eastern Archaeology
- Prehistory
- Protohistory
- Egyptology
- Sumeriology

پاکستان میں ان میں سے صرف فیلڈ آرکیالوجی، پری ہسٹری اور پروٹو ہسٹری کی تدریس ہوتی ہے۔ Near Eastern Prehistory ایم فل کی سطح پر پڑھائی جاتی ہے۔

قرآنی آرکیالوجی کے لئے آرکیالوجی کے ماہرین کے ساتھ ساتھ عربی، عبرانی، آرامی اور سریانی، اکادی، اشوری، سمیری، قدیم مصری، ایبلائی، اوغیرت اور دیگر قدیم السنہ کے ماہرین بھی درکار ہیں۔ Cuneiform Script اور Hieroglyphics کے بہت سے ماہرین بھی چاہیئے ہوں گے۔

قرآنی آثاریات (Quranic Archaeology)

Biblical Archaeology تو عرصہ دراز سے علم کی ایک علیحدہ شاخ کے طور پر موجود ہے اور دنیا کے بہت سے اداروں میں اس میں اعلیٰ سندات بھی دی جاتی ہیں لیکن Quranic Archaeology نہ تو باقاعدہ علم کے طور پر ابھی تک متعارف ہوئی ہے اور نہ ہی اس کی تدریس شروع ہوسکی ہے۔ حالانکہ یہ وقت کی اشد ترین علمی ترجیحات میں سے ایک ہے۔ 1999-2001ء میں جب میں پشاور یونیورسٹی سے ایم اے آرکیالوجی کررہا تھا تو میں نے Quranic Archaeology کے نظریہ پر کام شروع کیا اور بعد ازاں اس کا مجوزہ نصاب بھی ترتیب دیا۔

2003ء میں جب ہائر ایجوکیشن کمیشن نے Curriculam Development Project کے تحت جو وزارت تعلیم کے تحت کام کررہا تھا۔ Revised Curriculam of Archaeology ترتیب دینے کے لئے کمیٹی قائم کی اس کے Revised Curriculam کے صفحہ نمبر 67 پر قرآنی آرکیالوجی کا ذکر یوں ہے۔

Paper XIX

Quranic Archaeology

This course will deal with the identification and Archaeology of all those lands and people who have been mentioned in The Holy Quran.

اسے ایم اے، ایم ایس سی فائنل کے Optional Course کے طور پر نصاب میں داخل کیا گیا ہے۔ تاہم اس کے استاد اور تفصیلی نصاب مہیا نہ ہونے کی وجہ سے اس کی تدریس نہیں ہورہی۔ اس تفصیل کا مقصد یہ ہے کہ اگر اب کوئی طالبعلم اسے اختیاری مضمون کے تحت لینا چاہے تو کم سے کم دنیا بھر میں پاکستان ایک ایسا ملک ہے جس کے نصاب میں اس کی گنجائش موجود ہے۔

جب قرآنی آرکیالوجی کے لئے ان علوم کو جاننے والے محققین موجود ہوں گے تو:

1۔ ارتقائے انسانی کا مطالعہ

2۔ زبان کے آغاز اور ارتقاء کا آرکیالوجی کے تناظر میں مطالعہ

3۔ قرآنی بیانات کی روشنی میں قدیم اقوام کے مساکن اور قدیم راستوں کی دریافت

4۔ ’’فلسفہ آثاریات‘‘ یعنی گزشتہ اقوام کے چھوڑے ہوئے مادی آثار سے ان کی تباہی کے آثار دریافت کرکے دور جدید میں ان اسباق سے فائدہ اٹھانا۔ نیز حقوق العباد بجانہ لانے اور قوموں کی تباہی میں تعلق کا مطالعہ۔

5۔ قرآنی اصطلاحات آرکیالوجی وغیرہ میں کام ہوسکے گا۔

کن لوگوں کو اس فیلڈ میں آنا چاہیئے

اگر آپ آرکیالوجی کی طرف آنا چاہتے ہیں تو:

1۔ طبعی رجحان بہت ضروری ہے۔

2۔ قناعت پسندی اور غیر معمولی دیانت داری اور اخلاقی جرأت کی ضرورت ہے۔ کیونکہ بالعموم یہ ایک Non Paying مضمون ہے۔ دوسرے نوادرات اور معلومات کی حفاظت اور معلومات کی دیانت دارانہ اشاعت اس میں بہت اہمیت رکھتی ہے۔

3۔ مسلسل جسمانی اور ذہنی محنت سے گھبرانے والوں کے لئے آرکیالوجی مناسب انتخاب نہیں۔

آرکیالوجی دیکھنے میں بہت دلچسپ لیکن حقیقت میں اس کے بعض پہلو خاصے خشک ہیں۔ طلباء کو یہ ذہن میں رکھ کر اس کی طرف آنا چاہیئے کہ اس کی چمک دمک جو میوزیم میں نظر آتی ہے وہ عوامی نوعیت کی ہے۔ بطور علم اس سے صرف طبعی رجحان رکھنے والے ہی محظوظ ہوسکتے ہیں۔

4۔ آرکیالوجی اور تاریخ میں سے کسی ایک مضمون کے ساتھ بی اے کرنے والوں کو ترجیح دی جاتی ہے۔

5۔ آرکیالوجی اس وجہ سے پرائیویٹ نہیں ہوسکتی کہ اس میں بہت سا فیلڈ ورک شامل ہوتا ہے۔

6۔ داخلے مختلف یونیورسٹیوں میں بی اے کے نتائج آنے کے بعد شروع ہوتے ہیں۔

(باقی صفحہ 6 پر)

بعض بیماریوں کے لئے آزمودہ نسخے

جلنا اور جھلسنا

جسم کے جلنے کو ماہرین طب نے تین درجوں میں بانٹ رکھا ہے یعنی پہلا دوسرا اور تیسرا۔ گرم برتن چھو لینے، نہانے کا گرم پانی گرنے، گرم گھی یا تیل کے چھلک جانے وغیرہ سے جسم کا کوئی حصہ جلے تو طبی اصطلاح میں اسے پہلے درجے کا جلنا کہتے ہیں۔ اس سے سخت جلن ہوتی ہے اور جلد بھی سرخ ہو جاتی ہے۔ اس صورت میں آپ فوراً متاثرہ حصے کو ٹھنڈے پانی میں ڈبو دیں یا دھو لیجئے۔

جسم زیادہ جل جائے، تو یہ دوسرے درجے کا جلنا ہے۔ اس حالت میں جلد صرف سرخ ہی نہیں ہوتی بلکہ آبلے بھی پڑ جاتے ہیں۔ آپ نہ تو آبلے پھوڑیئے نہ کسی قسم کی دوائی اور کریم استعمال کریں۔ اگر آپ کے گھریلو باغیچے میں کنوار گندل میسر ہے تو اس کا پتا توڑ کر چپٹے رخ درمیان سے چیریئے اور گودا جلی ہوئی جگہ پر لگا دیجئے۔ اگر کنوار گندل نہ ہو تو شہد بھی یہی کام دے سکتا ہے۔ اس عمل سے نہ صرف ٹھنڈک محسوس ہوگی بلکہ کسی قسم کی عفونت کا خطرہ بھی نہیں رہے گا۔ انڈے کی سفیدی بھی سکون اور عفونت سے تحفظ فراہم کرتی ہے۔

شدید قسم کے جلنے یعنی تیسرے درجے کی صورت میں متاثرہ شخص کو فوری طبی توجہ درکار ہوتی ہے۔ جب تک طبی امداد آئے، مریض کو لٹا کر گیلے کپڑے سے جسم کا متاثرہ حصہ ڈھانپ دیں۔ جسم کے ساتھ چپکے کپڑے علیحدہ کرنے کی کوشش نہ کریں۔ یہ ڈاکٹر کا کام ہے۔ نیز اپنے حواس قابو میں رکھئے تا کہ کوئی غلط قدم نہ اٹھا بیٹھیں۔

گلے کی خرابی

میتھی کے بیجوں سے بنائے گئے جوشاندے سے غرارے کرنا گلے کی عام خراش دور کرنے کا عمدہ ٹوٹکا ہے۔ جوشاندہ بنانے کے لئے ایک لٹر پانی میں دو چمچ میتھی کے بیج ڈال کر ہلکی آنچ پر آدھا گھنٹہ پکنے دیں۔ بعد ازاں کمرے کے درجہ حرارت میں پانی ٹھنڈا کر کے چھان لیں۔ تیار شدہ جوشاندے کے غرارے کیجئے۔

میتھی کے پتوں کا جوشاندہ منہ کے زخم مندمل کرنے کا عمدہ علاج ہے۔ مٹھی بھر پتے ایک گلاس پانی میں ابالئے اور اس سے غرارے کیجئے۔

کھانسی، نمونیہ، انفلوئنزا، ناک کی سوزش اور نزلہ وغیرہ کے ابتدائی مراحل میں سانس کی نالیوں کی سوزش جنم لیتی ہے۔ یہ تکلیف رفع کرنے کے لئے میتھی کی چائے مؤثر ہے۔ اس سے پسینے کا اخراج اور زہریلے مادوں کا خاتمہ ہوتا ہے، نیز بخار کا دورانیہ کم ہو جاتا ہے۔

روزانہ چار پیالی چائے پینا بہتر ہے۔ حالت بہتر ہونے پر چائے بتدریج کم کرتے جایئے۔ ذائقہ بہتر بنانے کے لئے لیموں کا رس چند قطرے ملا لیں لیکن دوران علاج کوئی دوا یا خوراک نہ لیں کیونکہ فاقے کی وجہ سے سانس کا عمل بہتر ہوتا ہے۔ چند دن علاج سے نظام تنفس درست حالت میں آ جائے گا۔

ادرک کی چائے بھی درج بالا فوائد رکھتی ہے۔ تھوڑی سی ادرک پانی میں ابالئے اور پھر اس میں تھوڑا سا شہد ملا کر پانی پی لیجئے۔ دن میں دو بار چائے پینا مفید ہے۔

کن پیڑے

ہرڑ پیس کر اس کا گاڑھا لیپ بنا لیجئے۔ اسے کن پیڑوں پر لگانے سے سوجن اور تکلیف دور ہوتی ہے۔ دو تین بار استعمال سے غدود معمول پر آ جاتے ہیں۔

پیپل کے پتے گھی سے چپڑ کر توے پر گرم کریں اور نیم گرم حالت میں کن پیڑوں پر باندھ دیں۔ دن میں تین مرتبہ یہ عمل دہرائیں۔ اگلے روز ہی افاقہ محسوس ہوگا۔

پھوڑے پھنسیاں

کریلے پھوڑے پھنسیوں کا قدرتی علاج ہیں۔ بطور سالن ہم انہیں کھاتے ہی ہیں مگر کچے کریلے کا رس بطور دوا پھنسیوں، پھوڑوں کو شفا بخشتا ہے۔ دن میں دو تین بار تھوڑا سا رس لگا کر شفا پایئے۔

☆ پیاز گرم کر کے پھوڑے پھنسیوں پر باندھ دیجئے، جلد پک کر پھوٹ جائیں گے۔

☆ اسپغول پیس کر عرق گلاب یا سرکے میں ملایئے۔ یہ مرہم لیپ کرنے سے ورم اور پھوڑے پھنسیاں ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

☆ برسات میں جامن کھانا انسان کو ان سے بچاتا ہے۔

☆ شیشم کے پتے 250 گرام چار گلاس پانی (1000 گرام) میں رات بھر بھگویئے۔ صبح پانی آگ پر چڑھا دیں۔ جب آدھا رہ جائے، تو آگ سے اتار کر ٹھنڈا کر لیجئے۔ بعد ازاں چھان کر پانی دوسرے برتن میں نکال لیں۔ 750 گرام چینی ڈال کر پھر آگ پر چڑھایئے اور شربت کا قوام تیار کر لیں۔ یہ شربت صبح شام بقدر ایک چھٹانک حسب ضرورت پانی میں ملا کر پینے سے خون صاف اور قبض دور ہوتا ہے۔ نیز جلد پھوڑے پھنسیوں سے پاک ہو جاتی ہے۔

☆ گولر کے پتے بھی دافع پھوڑے پھنسی ہیں۔

☆ پھوڑے پھنسی، داد، چنبل، ایگزیما اور خون کی کئی بیماریوں کا علاج نیم بھی ہے۔ نیم کے تازہ پتے ایک تولہ، مغز بادام پانچ عدد اور مرچ سیاہ دو عدد لیجئے۔ انہیں موٹا موٹا پیس لیں۔ تھوڑے سے پانی میں چینی یا شہد سے میٹھا کر کے ایک تا دو ہفتے استعمال کیجئے۔ یہ خون صاف کرنے کا عمدہ طریقہ ہے۔ خون صاف ہو جائے، تو فاسد خون سے وابستہ تمام امراض ختم ہو جاتے ہیں۔

☆ منڈی بوٹی ایک تولہ اور شیشم (ٹاہلی) کے پتے اکیس عدد ایک پیالی پانی میں رات بھر بھگو رکھئے۔ صبح کو مل چھان کر پانی شہد یا چینی سے میٹھا کر کے پی لیجئے۔ بعد کو پتوں اور منڈی بوٹی میں پھر پانی ڈالئے اور شام چار بجے حسب سابق مل چھان کر پی لیں۔ اس نسخے کے چند روزہ استعمال سے خون کی تیزابیت دور ہوگی اور خارش نیز پھوڑے پھنسیاں غائب ہو جائیں گی۔

گوہانجنی

لونگ کا ڈنٹھل پانی میں گھس کر گوہانجنی پر لگانے سے آرام ملتا ہے۔

چہرے کے کیل مہاسے

بلوغت کے آغاز میں نوجوان لڑکے لڑکیاں اس مسئلے کے ہاتھوں سخت تنگ ہوتے ہیں۔ انہیں دور کرنے کے لئے درج ذیل گھریلو ٹوٹکے کام میں لایئے۔

☆ دھنیے کا رس ایک چمچی، ہلدی ایک چٹکی ملا کر کیل، پھنسیوں اور مہاسوں پر باقاعدگی سے لیپ کیجئے۔ جلد یا بدیر ان کا خاتمہ ہو جائے گا۔

☆ دارچینی کا سفوف آدھی چمچی میں لیموں کا رس چند قطرے ملایئے اور لیپ کیجئے، نسخے کا باقاعدہ استعمال کیل مہاسے دور کرتا ہے۔

☆ تازہ پودینے کا رس رات کو چہرے پر لگایئے۔ یہ کیل پھنسیاں ٹھیک کرنے کے ساتھ ساتھ جلد کی خشکی بھی دور کرتا ہے۔ یہی رس کیڑوں کے کاٹنے والی جگہ، ایگزیما، خارش اور جلد کی سوزش پر لگانا بھی مفید ہے۔

☆ کیل مہاسوں پر لہسن کی تریاں چھیل کر رگڑیے، نشان چھوڑے بغیر تحلیل ہو جائیں گے۔ یہ عمل دن میں متعدد بار کیجئے۔ لہسن کا بیرونی استعمال داغ دھبے اور چھائیاں بھی دور کرتا ہے۔

☆ سنگترے کا خشک چھلکا بھی اس مسئلے کا شافی حل ہے۔ اسے پانی کے ساتھ کسی پتھر پر اچھی طرح رگڑ لیجئے اور پھر کیل، مہاسوں اور پھنسیوں پر لگایئے۔ یہ مرہم بناتے وقت بارش کا پانی استعمال کریں، یہ زیادہ مؤثر ہو جاتا ہے۔

دانت درد

دانت یا مسوڑھے میں درد ہو تو اس جگہ ادرک کا چھوٹا سا ٹکڑا دبا کر رکھئے۔ سکون ملے گا۔ مجرب نسخہ ہے۔

☆ ٹھنڈا گرم لگنے کے باعث دانت درد سے بھی زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔ گھریلو منجن اس دکھ سے نجات دلاتا ہے۔ تیاری کی ترکیب یہ ہے۔

ایک پاؤ تخم ریٹھا جلا کر کوئلہ بنا دیں۔ پھر اس میں ہم وزن پھٹکڑی بریاں ملایئے اور باریک پیس کر منجن بنا لیں۔ یہ ٹھنڈا گرم لگنے کی شکایت دور کرنے کے علاوہ ہلتے دانت اپنی جگہ مضبوطی سے جماتا ہے۔

ٹوتھ پیسٹ اور برش کے بجائے مسواک بذات خود دانتوں کی جملہ بیماریوں کی دوا ہے۔

پھٹی ایڑیاں

☆ رات کو سونے سے قبل چند قطرے گلیسرین ہتھیلی پر ڈالیے اور اس میں چند قطرے پانی ملا کر ایڑیوں پر مل لیں، چند دن میں نرم پڑ جائیں گی۔

☆ نہانے سے پہلے ایڑیوں پر ویزلین کا مساج کیجئے۔

رنگت نکھارنا

☆ ذرا سے دودھ میں آدھا لیموں نچوڑ لیں۔ پھر یہ آمیزہ چہرے اور ہاتھوں پر مل لیں۔ آدھ گھنٹہ بعد دھو ڈالیے۔

☆ رات کو سونے سے پہلے تازہ لیموں سے چہرے، گردن اور بازوؤں پر مساج کیجئے اور صبح اٹھ کر چہرہ دھو لیں۔ جلد ملائم ہو جائے گی اور رنگت میں بھی نکھار پیدا ہوگا۔ ٹخنوں، کہنیوں وغیرہ پر موجود سیاہ دھبے بھی اس نسخے سے دور ہو سکتے ہیں۔

(اردو ڈائجسٹ دسمبر 2005ء)

(بقیہ صفحہ 5)

7۔ بالعموم اس کا میرٹ بہت اونچا نہیں ہوتا۔

8۔ اگر فوراً داخلہ نہ بھی ملے تو کچھ عرصے میں کافی سیٹیں خالی ہو جاتی ہیں اور دوسرے ڈیپارٹمنٹوں سے ٹرانسفر کرائی جا سکتی ہے۔

9۔ پنجاب اور ہزارہ یونیورسٹی میں تو اوپن میرٹ ہے۔ پشاور یونیورسٹی میں باقی صوبہ جات کی ایک ایک نشست ہے۔ پشاور یونیورسٹی میں اگر سیلف فنانس سکیم جاری ہو تو اس کے تحت بھی داخلہ مل جاتا ہے۔

مزید معلومات درکار ہوں تو وکالت وقف نو کے پتہ پر یا اس ای میل ایڈریس پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

archeohistorian@gmail.com

دارچینی

دارچینی کا تیل اور اس کی چھال کا جوشاندہ اور سفوف ریاحی بیماریوں کو دور کرنے کے علاوہ اعصابی تناؤ کم کرتا ہے۔ دارچینی کھانے سے یادداشت بہتر ہوتی ہے۔ روزانہ رات کو چٹکی بھر دارچینی کا سفوف شہد کے ساتھ کھایا جائے تو رنگ نکھرتا ہے۔ حافظہ مضبوط ہوتا ہے اور پیشاب کے جملہ امراض ختم ہو جاتے ہیں۔ یہ نسخہ دائمی نزلہ زکام کے مریضوں کے لئے بہتر ہے۔ اگر دارچینی کا موٹا سفوف ایک گلاس پانی میں چٹکی بھر سیاہ مرچ کے سفوف اور شہد کے ساتھ ابال کر پیا جائے تو انفلوئنزا، گلے کی خراش اور ملیریا کا بہترین علاج ہے۔

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 62749 میں Hameed Osman

ولد Osman.K. Ampprah پیشہ فارمر عمر 37 سال بیعت .... ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 17-3-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100000 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Hameed Osman گواہ شد نمبر 1 Issah Addae گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 62750 میں Nkan Sah Dawood

ولد Bin Yaqub Essiah Mehdi پیشہ طالب علم عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 17-3-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100000 غانین کرنسی ماہوار بصورت آمد مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Nkan Sah Dawood گواہ شد نمبر 1 Issah Addae گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 62751 میں Rafiq Saah

ولد Muhammad Kwame Saah پیشہ فارمنگ عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 17-3-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100000 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Rafiq Saah گواہ شد نمبر 1 Issah Addae گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 62752 میں Marriam Hakeem

زوجہ Abdul Hakeem پیشہ فارمنگ عمر 28 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 17-3-06 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/50000 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Marriam Hakeem گواہ شد نمبر 1 Issah Addae گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 62753 میں Ahmad Anogah

ولد Anogah پیشہ فارمنگ عمر 32 سال بیعت 1987ء ساکن غانا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 17-3-06 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100000 غانین کرنسی ماہوار بصورت فارمنگ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد Ahmad Anogah گواہ شد نمبر 1 Issah Addae گواہ شد نمبر 2 Mustapha

مسل نمبر 62754 میں Athiah Gunawan

زوجہ Gunawan Ahmad پیشہ خانہ داری عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 13-5-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر ادا شدہ 10 گرام زیور مالیتی -/RP1250000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP100000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Athiah Gunawan گواہ شد نمبر 1 Sayidul Kohar گواہ شد نمبر 2 Gunawan Ahmad

مسل نمبر 62755 میں Yulianti Mansyurah Tahira

زوجہ A.Malik Ajaaz پیشہ خانہ داری عمر 36 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 17-6-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر ادا شدہ 5 گرام زیور مالیتی -/RP700000۔ 2۔ طلائی زیور 32 گرام مالیتی -/RP4500000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP100000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Yulianti Mansyurah Tahira گواہ شد نمبر 1 Hammad Ahmad گواہ شد نمبر 2 A.Malik Ajaaz

مسل نمبر 62756 میں Ami Rahmatunn nissa

زوجہ Diem Muhammad پیشہ خانہ داری عمر 25 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن انڈونیشیا بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 19-6-05 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1۔ حق مہر ادا شدہ -/RP5000000۔ اس وقت مجھے مبلغ -/RP1000000 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامۃ Ami Rahmatun nissa گواہ شد نمبر 1 Ahmad Mufidh گواہ شد نمبر 2 Diem Muhammad

مسل نمبر 62757 میں Dien Muhammad

